سوال

(409) باپ نے اپنی نابالغ بچی کسی کو ہبہ کر دی، باپ کے فوت ہونے اور بچی کے بالغ ہونے کے بعد بچی نے اس ہبہ سے انکار کر دیا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس بچی کا کیا حکم ہوگا جس کو اس کے باپ نے کم سنی میں ایک آدمی کو ہبہ کر دیا، پھر اس کا باپ تو فوت ہوگیا اور اس بچی نے بالغ ہونے کے بعد باپ کے اس ہبہ سے انکار کر دیا اور وہ اس آدمی سے راضی نہ ہوئی جس کو اس کے باپ نے ہبہ کیا تھا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب معاملہ ایسے ہی ہے جیسے بیان کیا گیا ہے تو مذکورہ ہبہ کے ذریعہ سے شادی درست نہ ہوگی اور صرف اتنے سے ہی وہ بچی اس آدمی کی بیوی نہیں بن جائے گی کیونکہ اس میں عقد نکاح کی شرطیں موجود نہیں ہیں۔ (محمد بن ابراہیم)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 350

محدث فتویٰ